110757-کیا تیس رمضان کا روزہ نہ رکھنا غلط تھا اوراس کی قضاء لازم ہے ؟

سوال

کیا پچھلے رمضان المبارک کے تیس رمضان کے روزے کی قضاء یا کفارہ ادا کرنا واجب ہے ؟

میں نے سنا ہے کہ (1428ھ) کا رمضان انتیس یوم کا نہیں بلکہ تیس یوم کا تھا لہذا ہمارا اس سال تیس کو عید منانا صحیح نہیں تھا کیا یہ صحیح ہے ؟

پسندیدہ جواب

آپ کے لیے تیس رمضان المبارک کی قضاء میں روزہ رکھنا لازم نہیں کیونکہ رمضان المبارک انتیس یوم کا تھا، اس لیے کہ چاند شرعی رؤیت سے ثابت ہوچکا ہے، اور تقریبا دس کے قریب افراد نے اس کی گواہی دی ہے، جیسا کہ فضیلۃ الشیخ صالح بن محمد اللیحدان جو مجلس قضاء اعلی کے چئرمین بھی ہیں کا کہنا ہے.

اور جو سعودی عرب سے باہر تھا اوراس نے اس کی رؤیت پر اعتماد کیا ہے تو اس کی عید بھی صحیح ہے اس کو کچھ لازم نہیں آتا.

واللہ اعلم.